SINCE : 2001 INFUSING POSITIVE VALUES
TAMIR E-SIASAT تعمیر سیاست
www.tameerurdudaily.com
दैनिक तामीर, बीड

# ٹرمپ کی جیت سے ہندوتووادی عناصر خوش مگر

تحریر — سہیل انجم

سہیل انجم

گزشتہ دنوں دنیا میں ایک بہت بڑا واقعہ پیش آیا۔ وہ واقعہ تھا ڈونلڈ ٹرمپ کا دوبارہ امریکہ کا صدر منتخب ہو جانا۔ پوری دنیا اس انتخاب پر گہری نظر رکھے ہوئے تھی۔ لوگ یہ جاننا چاہتے تھے کہ کیا امریکی عوام ایک خاتون کو صدر منتخب کرنے کے لیے تیار ہیں۔ اس سے قبل ہلیری کلنٹن بھی صدارتی انتخاب لڑ چکی اور شکست کھا چکی ہیں۔ اس بار اگر کملا ہیرس کامیاب ہو جاتیں تو امریکہ ایک نئی تاریخ رقم کر دیتا۔ لیکن امریکی عوام یہ نئی تاریخ لکھنے سے چوک گئے۔ حالانکہ انتخابی جائزوں اور رائے شماریوں میں دونوں میں کانٹے کی ٹکر بتائی جا رہی تھی۔ لیکن جب نتیجہ سامنے آیا تو کانٹے کی ٹکر دکھائی نہیں دی۔ ٹرمپ نے کافی ووٹوں سے کملا ہیرس کو پچھاڑ دیا۔

دنیا کے دیگر ملکوں کے ساتھ ہندوستان کی بھی اس الیکشن پر گہری نظر تھی۔ یہاں کی حکومت بھی یہ جاننا چاہتی تھی کہ اس بار وائٹ ہاو?س کا مکین کون ہوگا۔ حکومت کے ساتھ ساتھ عوام کی بھی نظریں لگی ہوئی تھیں۔ بلکہ ہندوتو وادی عناصر زیادہ اشتیاق سے اس الیکشن کو دیکھ رہے تھے۔ ٹرمپ اور نریندر مودی کے مزاج میں کافی مماثلت ہے اور دونوں ایک دوسرے کو دوست کہتے ہیں۔ ٹرمپ نے اپنے پہلے دور حکومت میں مودی کے لیے ہیوسٹن میں ہاوڈی مودی پروگرام منعقد کیا تھا جس میں شرکت کے وقت مودی نے ان کے لیے ووٹ بھی مانگا تھا۔ حالانکہ ایسا پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا کہ کسی ایک ملک کا سربراہ کسی دوسرے ملک کے سربراہ کے لیے اس ملک میں جا کر ووٹ مانگے۔ مودی نے ہاوڈی مودی کا بدلہ احمد آباد کے مودی اسٹیڈیم میں نمستے ٹرمپ پروگرام منعقد کر کے دیا تھا۔

اسی لیے سنگھی ذہنیت کے لوگوں کو ٹرمپ کے جیتنے کا انتظار تھا۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی رہی ہے کہ مسلمانوں کے بارے میں ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیاں تقریباً وہی ہیں جو نریندر مودی کی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ ایران کے سخت مخالف ہیں۔ وہ ایران کے جوہری پروگرام کو ختم کر دینا چاہتے ہیں۔ اسرائیل حماس جنگ کے دوران انھوں نے ایران کے خلاف بیانات دیے ہیں۔ وہ دیگر امریکی صدور کی طرح اسرائیل کے کٹر حمایتی ہیں۔ انھوں نے اپنے پہلے دور حکومت میں یروشلم کو اسرائیل کی راجدھانی قرار دیا تھا۔ انھوں نے یہ بھی اعلان کیا تھا کہ وہ امریکی سفارت خانہ تل ابیب سے یروشلم منتقل کر دیں گے۔ شاید اسی لیے ہندوستان میں کٹر ہندوتو وادی طبقہ ان کی جیت کا خواہاں رہا ہے۔ اس کے لیے ہون بھی کیے جاتے رہے ہیں۔

حالانکہ اس الیکشن میں مسلمانوں کے تعلق سے ٹرمپ کے سُر کچھ بدلے ہوئے تھے۔ امریکہ کی ایک ریاست مشی گن کے مسلمانوں نے اجتماعی طور پر ٹرمپ کو ووٹ دیا ہے۔ ان کی جیت کے بعد عرب رہنماو?ں نے ان کے لیے نیک خیالات کا اظہار کیا ہے اور اس امید کا بھی اظہار کیا ہے کہ وہ اسرائیل حماس جنگ بند کرانے اور مشرق وسطیٰ میں قیام امن میں اہم کردار ادا کریں گے۔ حالانکہ ابھی کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا لیکن ایسا لگتا ہے کہ مسلمانوں کے تعلق سے ٹرمپ کی پالیسیاں کچھ ضرور بدلیں گی۔ ادھر رخصت پذیر صدر جو بائڈن کے زمانے میں کچھ ایسے واقعات پیش آئے ہیں جن سے ہندوستان امریکہ تعلقات پر منفی اثر پڑا ہے۔ اب ایسا سمجھا جاتا ہے کہ ٹرمپ کے زمانے میں دونوں ملکوں کی دوستی نئی بلندیوں کو سر کرے گی۔

لیکن کچھ ایسے معاملات بھی ہیں جو باہمی رشتوں میں کشیدگی کا سبب بن سکتے ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ کی جیت باہمی تعلقات کے سلسلے میں مواقع اور چیلنجز دونوں لے کر آئی ہے۔ جہاں ایک طرف ان کی قیادت میں تجارتی اور دفاعی شعبوں میں تعاون میں اضافے کے امکانات ہیں وہیں نئی انتظامیہ کی امیگریشن پالیسی ہندوستان کے لیے تشویش کا سبب بن سکتی ہے۔ ایک طرف جہاں دونوں ملک عالمی سطح پر غیر یقینی صورت حال میں مستقبل میں مضبوط تعلقات کی طرف دیکھ رہے ہیں وہیں دوسری طرف دونوں رہنماو?ں کے لیے ضروری ہے کہ وہ باہمی مفادات اور مشترکہ اقدار کو ترجیحی حیثیت دینے کے لیے تعمیری مذاکرات میں مشغول ہوں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ جب دو عالمی رہنماؤں میں دوستانہ تعلقات ہوں تو اس کا فائدہ دونوں ملکوں کو ملتا ہے۔

لیکن تجارت کے معاملے میں ٹرمپ کی 'امریکہ فرسٹ' اور ٹیرف یعنی محصولات کی پالیسی ہندوستان کے لیے بادِ مخالف ثابت ہو سکتی ہے۔ انتخابی مہم کے دوران ٹرمپ نے ہندوستان کو بڑا 'ابیوزر' یعنی تجارتی بدسلوکی کرنے والا ملک قرار دیا تھا اور کہا تھا کہ وہ لوگ (ہندوستان) پسماندہ نہیں بلکہ بہت چالاک ہیں۔ ہندوستان برآمدات کے معاملے میں سرفہرست ہے جس کا استعمال وہ ہمارے خلاف کرتا ہے۔ لہٰذا یہ سمجھا جاتا ہے کہ اگر انھوں نے ٹیرف کے سلسلے میں اپنے موقف کو سخت کیا تو اس کا اثر امریکہ کو ہندوستان کی برآمدات پر پڑے گا۔ اس سے ہندوستان کے آئی ٹی شعبے، ادویات اور کپڑا صنعت اور ان کلیدی صنعتوں کے لیے چیلنجز پیدا ہو سکتے ہیں جو امریکہ پر انحصار کرتی ہیں۔ اس بات کا امکان ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ مصنوعات کی درآمد پر جوابی محصولات عاید کرے گی، ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈبلیو ٹی او) کی شکایات پر توجہ دے گی اور ہندوستان کو حاصل برآمد کاروں کے لیے امریکہ کے ترجیحی تجارتی پروگرام 'جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنس' (جی ایس پی) درجے کو واپس لے لے گی۔ لہٰذا یہ اندیشہ پیدا ہو سکتا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ امریکہ کو ہندوستان کی جانب سے 75 ارب ڈالر کی برآمدات پر بہت زیادہ محصولات عاید کر دے۔ امریکہ ہندوستان کے لیے برآمدات کا سب سے بڑا مارکیٹ ہے اور محصولات سے اس کے تجارتی تعاون کے لیے چیلنج پیدا ہو جائے گا۔

مبصرین کا یہ بھی کہنا ہے کہ عالمی رہنماو?ں کے درمیان ہونے والی گفتگو کو عام کر دینے کی ٹرمپ کی عادت سے بھی ہندوستان کو سبکی ہو سکتی ہے۔ انھوں نے اپنے پہلے دور حکومت میں کئی مواقع پر نریندر مودی کا مذاق اڑایا تھا۔ انھوں نے 2019 میں پاکستان کے اس وقت کے وزیر اعظم عمران خان کو بتایا تھا کہ وہ کشمیر مسئلے کو حل کر سکتے ہیں اور یہ کہ مودی نے ان سے ثالثی کرنے کی گزارش کی ہے۔ حالانکہ ہندوستان نے سختی سے اس کی تردید کی تھی۔ مبصرین کہتے ہیں کہ دراصل ڈونلڈ ٹرمپ کب کیا کہہ دیں گے کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ کوئی معیاری سیاست داں نہیں ہیں اور انھیں سیاسی مصلحتیں نہیں آتیں۔

ٹرمپ کی امیگریشن پالیسی بھی بہت سخت ہے۔ انھوں نے اپنے پہلے دور میں اعلان کیا تھا کہ وہ امریکہ میں غیر قانونی طور پر رہ رہے ڈیڑھ سے دو کروڑ تارکین وطن کو ان کے ملک واپس بھیجیں گے۔ اس سلسلے میں انھوں نے کئی اقدامات بھی کیے تھے۔ امریکہ میں بڑی تعداد میں ہندوستانی شہری غیر قانونی طور پر رہ رہے ہیں۔ اگر ایسا ہوا تو ان کے لیے مسائل پیدا ہوں گے۔ اس کے علاوہ ایچ ون بی ویزا کے بارے میں ان کی سخت پالیسی وہاں کام کر رہے ہندوستانی آئی ٹی ورکرز کے لیے مسئلہ کھڑا کر سکتی ہے۔ ان کے ویزے کی تجدید مشکل ہو جائے گی۔ ان کے پہلے دور میں ایچ ون بی ویزا پروگرام پر پابندیوں میں اضافہ ہوا تھا جس کی وجہ سے ہندوستان کے اسکلڈ ورکرز پر اثر پڑا تھا۔ اگر وہ پالیسی پھر جاری رہتی ہے تو آئی ٹی سیکٹر پر اثر پڑنے کا اندیشہ ہے۔

ہندوستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی اور پریس کی آزادی کا معاملہ بھی وقتاً فوقتاً اٹھتا رہا ہے۔ مذہبی آزادی سے متعلق امریکی کمیشن اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی ادارے ایمنسٹی انٹرنیشنل سمیت دیگر اداروں کی جانب سے اس بارے میں تشویش ظاہر کی جاتی رہی ہے۔ ہندوستان انسانی حقوق کی خلاف ورزی اور پریس کی آزادی پر پابندی کے الزامات کی تردید کرتا رہا ہے۔ اس کا یہ بھی کہنا ہے کہ یہ اس کا اندرونی معاملہ ہے اس میں کسی دوسرے ملک کو مداخلت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ خالصتان نواز امریکی شہری گورپتونت سنگھ پنوں کے قتل کی مبینہ سازش کے سلسلے میں ہندوستان کے خلاف امریکی عدالت میں چلنے والا مقدمہ بھی مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔

بہرحال یہ ایسے کچھ چنیدہ ایشوز ہیں جو مودی اور ٹرمپ کی دوستی کے باوجود ہند امریکہ تعلقات پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ ٹرمپ کی جیت کے لیے ہون کرنے اور ان کی جیت پر خوشیاں منانے والے عناصر آگے کیا موقف اختیار کرتے ہیں۔

# جھارکھنڈ میں بی جے پی کی انتخابی مہم: وعدے اور حقائق کا مقابلہ

تحریر — راجندر تیواری

راجندر تیواری

جھارکھنڈ میں 81 سیٹوں پر مشتمل اسمبلی ہے۔ اگرچہ یہ ریاست گوا، منی پور، ناگالینڈ اور ہماچل پردیش جیسی ریاستوں سے بڑی ہے، مگر یہاں کے انتخابات میں بی جے پی نے اپنی پوری طاقت جھونک دی ہے۔ کانگریس کے صدر، ملکارجن کھڑگے نے نومبر کے پہلے ہفتے میں طنزیہ انداز میں کہا کہ بی جے پی نے جھارکھنڈ کے 68 امیدواروں کے لیے جتنے وزرائے اعلیٰ اور مرکزی وزراء  کو میدان میں اتارا ہے، وہ خود امیدواروں سے زیادہ ہیں۔ آسام کے وزیر اعلیٰ ہمنتا بسوا سرما نے مہینوں سے یہاں ڈیرہ ڈال رکھا ہے، جبکہ یوگی آدتیہ ناتھ، شیوراج سنگھ چوہان، راج ناتھ سنگھ، امت شاہ اور حتیٰ کہ وزیر اعظم نریندر مودی بھی مسلسل یہاں آتے رہے ہیں۔

بی جے پی جھارکھنڈ میں جیتنے کے لیے بے چین نظر آتی ہے کیونکہ پچھلے پانچ سال سے وہ اقتدار سے باہر ہے اور اب وہ ریاست میں واپس آنا چاہتی ہے۔ بی جے پی کے لیے ہارنے کا آپشن نہیں ہے کیونکہ اگر وہ ہار جاتی ہے تو اسے اپوزیشن کے شدید حملے برداشت کرنے ہوں گے۔ جھارکھنڈ کی معدنی دولت، جیسے کوئلہ، لوہا، باکسائٹ، یورینیم اور سونے کے وسیع ذخائر کی موجودگی، اس ریاست کو انتہائی پرکشش بناتی ہے۔ اس کے علاوہ، مختلف کارپوریٹ ادارے یا کمپنی (مثلاً اڈانی گروپ) بھی یہاں ایسی حکومت چاہتی ہیں جو زیادہ لچکدار اور بی جے پی کی حامی ہو۔

2011 کی مردم شماری کے مطابق، جھارکھنڈ کی آبادی میں 26 فیصد شیڈولڈ ٹرائب کی نمائندگی ہے، جن کے لیے 28 سیٹیں مخصوص ہیں۔ 2019 کے انتخابات میں جھارکھنڈ مکتی مورچہ، کانگریس اور آر جے ڈی کے اتحاد نے 47 سیٹیں جیتیں، جن میں 26 مخصوص سیٹیں بھی شامل ہیں۔ بی جے پی صرف 2 مخصوص سیٹیں جیت سکی اور کولہان علاقے کی تمام 14 سیٹیں ہار گئی۔

بی جے پی کا دعویٰ ہے کہ جھارکھنڈ پر حکمرانی اس کا حق ہے، کیونکہ 2000 میں اسی نے اسے بہار سے الگ کر کے نیا ریاست بنایا تھا۔ گزشتہ 24 سالوں میں بی جے پی نے 13 سال یہاں حکومت کی، جبکہ باقی 11 سال میں سے چھ سال غیر مستحکم حکومتوں کے تھے اور پچھلے پانچ سال جھارکھنڈ مکتی مورچہ، کانگریس اور آر جے ڈی کے اتحاد کے ہیں۔

اگرچہ بی جے پی کو کارپوریٹ، آر ایس ایس اور مائننگ لابی کی حمایت حاصل ہے، مگر اندرونی خلفشار اور بغاوت اس کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ بی جے پی کے کئی امیدواروں کے ساتھ عوام میں عدم اطمینان اور کچھ امیدواروں کا سیاسی خاندانوں سے تعلق بھی اس کی مشکلات میں اضافہ کر رہا ہے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ اور کانگریس پر "خاندانی حکمرانی" کا الزام لگانے والی بی جے پی کے کئی امیدوار خود سیاسی خاندانوں سے ہیں۔

بھلے ہی وزیر اعظم مودی سے لے کر امیت شاہ، ہیمنت بسوا سرما سے لے کر راج ناتھ سنگھ، شیوراج سنگھ چوہان سے لے کر نشی کانت دوبے تک بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے رہنما ریاست میں غیر قانونی ہجرت کی بات کرتے رہے ہیں، لیکن آزاد تحقیقاتی ٹیموں کو اس کا کوئی ثبوت نہیں ملا۔ جیسا کہ جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے کہا، غیر قانونی ہجرت سے نمٹنا بارڈر سیکیورٹی فورس (بی ایس ایف) اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی ذمہ داری ہے۔ بی جے پی رہنما مردم شماری کے اعدادوشمار کا حوالہ دے کر دعویٰ کرتے ہیں کہ سن 1951 میں سنتھال پرگنا کی 44 فیصد قبائلی آبادی 2011 میں کم ہو کر محض 28 فیصد رہ گئی۔ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ریاست میں مسلمانوں کی آبادی 14 فیصد ہے، لیکن 2011 کی مردم شماری کے مطابق سنتھال پرگنہ میں مسلمان کل آبادی کا 20 فیصد سے زیادہ ہیں۔

جھارکھنڈ جنادھیکار مہاسبھا کی فیکٹ فائنڈنگ ٹیم نے سنتھال پرگنا میں اس معاملے کی تحقیق کی اور ان الزامات کو بے بنیاد پایا۔ ان کے بیان کے مطابق قبائلیوں کی تعداد میں کمی کی بڑی وجہ بلند شرح اموات اور نقل مکانی ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ بہت سے قبائلی اپنی شناخت کو ہندو شناخت سے علیحدہ رکھنا چاہتے ہیں اور زیادہ تر غیر عیسائی قبائلی اپنے مذہب کو 'سرنا' کے طور پر ظاہر کرتے ہیں۔ چونکہ 'سرنا' کو الگ مذہب کی حیثیت نہیں دی گئی، لہٰذا مردم شماری میں انہیں 'دیگر' کے زمرے میں شامل کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی، بہار اور مغربی بنگال کے علاقوں سے غیر قبائلی افراد کی جھارکھنڈ آمد بھی سنتھال پرگنہ میں قبائلیوں کی تعداد میں کمی کا سبب بنی ہے۔

بی جے پی کی حکمت عملی میں تقسیم کو فروغ دینے کا ایک بڑا سبب اپنے سابقہ دور حکومت کی ناکامیوں سے عوام کی توجہ ہٹانا بھی ہے۔ پارٹی نہ صرف اپنے وعدے پورے کرنے میں ناکام رہی، بلکہ وزیر اعلیٰ رگھوور داس کے دور میں 'چھوٹا ناگپور کرایہ داری ایکٹ' اور 'سنتھال پرگنہ کرایہ داری ایکٹ' کو تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی تھی، جس سے حکومت کو عوامی مفاد میں قبائلی اور زرعی زمینوں کو اپنے قبضے میں لینے کا حق مل جاتا۔ تاہم، اس وقت کی گورنر دروپدی مرمو نے اس بل کو دوبارہ غور کے لیے بھیج دیا تھا، اور قبائلیوں کی شدید مخالفت کے بعد حکومت کو بل واپس لینا پڑا۔ اس وقت "پتھل گڑی" تحریک بھی زور پکڑ گئی تھی، جس میں مقامی لوگوں نے اپنے دیہات میں غیر مقامی افراد کے داخلے پر پابندی کے لیے بڑے پتھر نصب کیے تھے۔ ان مظاہروں کو دبانے کے لیے سخت اقدامات کیے گئے اور ہزاروں قبائلیوں پر بغاوت کے الزامات عائد کیے گئے۔ بعد میں ہیمنت سورین کی حکومت نے یہ مقدمات واپس لے لیے۔

بی جے پی نے 'یکساں سول کوڈ' کا نفاذ کر کے 26 فیصد قبائلی آبادی کو متاثر کرنے کی کوشش کی، لیکن اکثر غیر قبائلی پہلے سے ہی بی جے پی کے حامی رہے ہیں، اس لیے اس اقدام سے بی جے پی کو کوئی خاص فائدہ حاصل ہوتا نظر نہیں آتا۔ ریاست کے قبائلی رہنماؤں نے بھی بی جے پی کو بتایا کہ اس منصوبے سے کچھ حاصل ہونے والا نہیں ہے۔

جھارکھنڈ میں مسلمانوں اور قبائلیوں کے درمیان شادیوں کو قبائلی معاشرہ قبول کرتا رہا ہے اور مسلمانوں اور قبائلیوں کے درمیان کبھی کوئی تنازعہ نہیں ہوا۔ علاوہ ازیں، اکثر قبائلی خواتین کو زمین وراثت میں نہیں ملتی، اس لیے مسلمانوں پر قبائلی خواتین سے شادی کر کے "زمین جہاد" میں شامل ہونے کے الزامات بھی بے اثر ہیں۔

اگرچہ بی جے پی رہنما جھارکھنڈ مکتی مورچہ کی قیادت میں حکومت پر تنقید کر رہے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ملک کے سب سے غریب ریاستوں میں سے ایک جھارکھنڈ میں کسانوں کے قرضے معاف کیے گئے ہیں، ہر ماہ 11 لاکھ لڑکیوں کو پانچ ہزار روپے دیے جا رہے ہیں، لاکھوں خواتین کو ماہانہ 1100 روپے فراہم کیے جا رہے ہیں، اور 26 لاکھ گھر غریبوں کو دیے گئے ہیں۔ حکومت نے اساتذہ کی تنخواہوں میں اضافہ کیا اور پولیس اہلکاروں کے لیے سالانہ ایک ماہ کی اضافی تنخواہ کا اعلان کیا۔ ریاستی حکومت نے طلبہ کو بین الاقوامی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے اسکالرشپ بھی دی اور رگھوور داس حکومت کے دور میں منسوخ کیے گئے 11 لاکھ راشن کارڈز کو دوبارہ بحال کر کے عوامی تقسیم کے نظام کو بہتر بنایا ہے۔

یوگی آدتیہ ناتھ جہاں بھی انتخابی مہم چلا رہے ہیں، بی جے پی کارکن ان کا استقبال بی جے پی کے جھنڈوں سے سجے بلڈوزروں کے ساتھ کر رہے ہیں۔ بڑکا گاؤں میں بی جے پی امیدوار نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ بلڈوزر ایکشن میں نظر آئے گا۔ کانگریس کی امیدوار امبا پرساد نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی لوگوں کو ان کی زمینوں سے بے دخل کرنے کے لیے کمپنی (این ٹی پی سی اور اڈانی) کے دلال کے طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا، "اگر بی جے پی دوبارہ اقتدار میں آئی تو لوگوں پر بلڈوزر اور گولیاں چلائی جائیں تو ہمیں حیرت نہیں ہوگی۔"

Editorial

SINCE : 2001 INFUSING POSITIVE VALUES
TAMIR E-SIASAT تعمیر سیاست
www.tameerurdudaily.com
दैनिक तामीर, बीड

## کیا ہندو منقسم اور کمزور ہیں؟

اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اگست 2024 میں 'بنٹو گے تو کٹو گے' کا نعرہ لگایا تھا، جب بنگلہ دیش میں لوگوں نے عوامی لیگ حکومت کو اکھاڑ پھینکا تھا۔ اس دوران ہوئے تشدد میں بیشتر حملے عوامی لیگ حامیوں پر ہوئے، لیکن بی جے پی لیڈروں نے اسے ہندوستان میں 'کمزور' ہندوو?ں کے 'خوف' کو بھڑکانے کے اوزار کے طور پر استعمال کیا کہ اگر وہ متحد نہیں ہوئے تو انھیں بھی جان سے مارا جا سکتا ہے، ان کے ٹکڑے کیے جا سکتے ہیں۔ غور طلب ہے کہ بنگلہ دیش میں ہندو 8 فیصد ہیں، جبکہ ہندوستان میں 80 فیصد۔ تو کیا یہ اعداد و شمار ہی بے وقوفانہ دعوے کی حقیقت بیان نہیں کر دیتے؟ اس کا جواب ہے 'شاید نہیں'، تبھی تو اس نعرے نے الگ ہی اہمیت حاصل کر لی ہے۔ یہ نعرہ انتخابی ریاست مہاراشٹر میں پوسٹرس پر دکھائی دیا ہے، خاص طور سے ممبئی میں، اور یوگی ا? دتیہ ناتھ بلاشبہ اس طرح کے ردعمل سے خوش ہیں۔ انھوں نے ہریانہ میں انتخابی تشہیر کے دوران بھی اس نعرے کا خوب استعمال کیا تھا۔ جلد ہی دیگر بی جے پی لیڈران نے بھی اسے کچھ پھیر بدل کے ساتھ اپنا لیا۔ 'بنٹو گے تو کٹو گے'، 'ایک رہو گے تو نیک رہو گے' کا استعمال دیگ ربی جے پی لیڈران نے بھی کیا جن میں وزیر اعظم نریندر مودی بھی شامل ہیں، جنھوں نے کہا کہ ''بنٹیں گے تو بانٹنے والے محفل سجائیں گے'۔ اردو لفظ 'محفل' کے قصداً استعمال سے صاف ہو جاتا ہے کہ ان کے دل میں 'بانٹنے والے' کی شکل میں کس کی شبیہ رہی ہوگی۔ انتخابات کے حوالے سے نومبر انتہائی اہم مہینہ ہے۔ اسی دوران مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخاب کے علاوہ 48 اسمبلی حلقوں اور 2 پارلیمانی حلقوں کے لیے ضمنی انتخابات ہونے ہیں۔ ایسے میں 'بنٹو گے تو کٹو گے' نعرہ کا بڑھتا استعمال اس کے سیاسی مقاصد کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ یہ نعرہ تخریب کاری والے سیاسی ایجنڈے کو پورا کرنے میں معاون رہا ہے۔ جھارکھنڈ میں ہندو اتحاد کے لیے ہیمنت بسوا سرما کا بیان کہ انصاری اور عالم انھیں لوٹ نہ سکیں، اور اس کے اگلے ہی دن وزیر اعظم مودی انتخابی ریلی میں جھارکھنڈ کی 'ماٹی اور بیٹی' کو لوٹنے کی منشا رکھنے والوں سے ا? گاہ کرتے ہیں۔ اس سے بی جے پی کے اس دعوے کو قوت ملی کہ جھارکھنڈ میں بنگلہ دیشی درانداز لو جہاد اور لینڈ جہاد میں شامل ہیں۔ ٹی وی اینکر اور مدیر راہل شیوشنکر نے بھی اپنے بلاگ میں نعرے کے پیچھے کی سیاسی منشا بتائی۔ وہ لکھتے ہیں: یوپی کے وزیر اعلیٰ ا? دتیہ ناتھ کا تبصرہ ایک سوچی سمجھی سیاسی اُکساوے کی کارروائی ہے۔ یوگی کے پاس ہندو ووٹوں کو متحد کرنے کے لیے کچھ ہی وقت بچا ہے جو بنٹے ہوئے ہیں۔ انھیں امید ہے کہ ہندوتوا کے گھسے پٹے الفاظ کا کھل کر استعمال ان سبھی نچلی ذاتوں (دلت اور او بی سی) کو واپس بی جے پی کی طرف لائے گا جو پارٹی سے چھٹک گئی ہیں۔ اندازہ ہے کہ اسی چھٹکن کے سبب بی جے پی کو حالیہ لوک سبھا انتخاب میں یوپی میں کم از کم 20 پارلیمانی سیٹیں گنوانی پڑیں۔ آر ایس ایس جنرل سکریٹری (سرکاریہ واہ) دتاترے ہوسبولے نے بھی متھرا میں میڈیا سے کہا کہ ''اگر ہندو سماج متحد نہیں رہا تو 'بنٹیں گے تو کٹیں گے' حقیقت بن سکتا ہے۔'' انھوں نے دلیل پیش کی کہ یوگی ا? دتیہ ناتھ سماجی اتحاد کی اپیل کر رہے ہیں اور وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ذات کی بنیاد پر تقسیم سماج کے لیے مضر ہوگا۔ دوسرا مقصد اپوزیشن کے ذریعہ ذات پر مبنی مردم شماری کے مطالبہ کی مخالفت کرنا ہے۔ ہوسبولے نے زور دے کر کہا کہ اگڑے پچھڑے، ذات اور زبان کی بنیاد پر منقسم ہندوو?ں کے لیے نقصان دہ ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ '' کچھ طاقتیں ہندو سماج کو توڑنے کا کام کر رہی ہیں، اس لیے احتیاط ضروری ہے۔'' لیکن یہ سوال تو بنتا ہے کہ ہمارے 'نئے ہندوستان' کے ہندو کب سے خطرے میں آ گئے؟ پورے طبقہ کے خلاف لاٹھی اٹھانا کب سے 'احتیاط' مانا جانے لگا؟ ظاہر ہے، وہ ایک الگ ہی لغت کا استعمال کر رہے ہیں۔ آر جے ڈی کی ترجمان پرینکا بھارتی کو یہ سوال الجھا گیا ہے کہ ہندوؤں کو کون تقسیم کر رہا ہے اور کیوں؟ انھوں نے ایک ٹی وی پروگرام میں کہا کہ ''ذات کی بنیاد پر لوگوں کو کس نے تقسیم کیا ہے؟ ہندوؤں کو 3000 ذاتوں اور 25000 ذیلی ذاتوں میں کس نے تقسیم کیا ہے؟'' انھوں نے طنزیہ لہجے میں کہا کہ مونچھ رکھنے یا شادیوں میں گھوڑی پر چڑھنے کے لیے دلتوں پر حملہ اور ان کا قتل کون کر رہا ہے؟ انھوں نے تلخی کے ساتھ سوال کیا کہ ''یوگی آدتیہ ناتھ نے اس سال دیپوتسو میں ایودھیا کے دلت رکن پارلیمنٹ کو کیوں نہیں بلایا، وہ جوڑنے کے سوتر دھار ہیں یا بانٹنے کے، اس کا فیصلہ آپ خود کریں۔''

بشکریہ — شرد گپتا

